اسلام آباد، لاہور، کراچی اور فیصل آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا معتبر مستند اخبار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹر: محمد نبیل ملک

روزنامہ عوام انٹرنیشنل

اسلام آباد
فیصل آباد

CPL No.156.Trade Mark No.046674

جلد نمبر 11 | بدھ 15 جنوری 2025ء 14 رجب المرجب 1446ھ 3 ماگھ 2077 بم | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 13

سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اوران کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے

میڈیا اس بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہاہے کہ ان کے ادارے میں سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات اور ان کی دادرسی میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے، اب مظفرآباد آزاد کشمیر اور گلگت میں دو نئے دفاتر قائم ہونے کے بعد ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کوسہولیات فراہم کررہا ہے، جب کہ اس سال بھی دوردراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر کھولے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ہمارا اہم اسٹیک ہولڈر ہے، میڈیا محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ سال 2 0 2 4ء کے دوران دولاکھ23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جوگزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں جب کہ اس سال دولاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں۔ 92.9 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا ہے۔ ہم نے اپنے فیصلوں پر 100 فیصد عملدرآمد کا تہیہ کررکھا ہے۔1983ء سے لے کر اب تک 23لاکھ خاندان اس ادارے کی خدمات سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال کے دوران ہمارے انوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جاکر 126 کھلی کچہریاں لگائیں، جس سے شکایت کنندگان کوسفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑی اور انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نئے سال کے آغاز پر گزشتہ روز اخبارنویسوں سے غیررسمی گفتگو کے دوران بتائیں۔انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کوکم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کوغریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کارلانا چاہئیں۔ وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیررسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہرسال شکایات میں اضافہ ہورہا ہے۔انہوں نے عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کے کردار کوسراہتے ہوئے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کوزیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارے کے ذریعے جلد اور مفت ریلیف حاصل کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کے بین الاقوامی اداروں میں وفاقی محتسب کا نمایاں کردار ہے۔ گزشتہ برس انہوں نے استنبول (ترکی) میں اے او اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 25ویں اجلاس کی صدارت کی اور ہانگ کانگ میں محتسبین کی بین الاقوامی کانفرنس میں کلیدی خطاب کیا۔